سوال

(53)مسجد کی دو منزلیں ہوں ، اوپر کی منزل میں مرد اور نچلی منزل میں عورتیں ہوں جو لاؤڈ سپیکر سے اقتداء کریں تو کیا ان کے نماز درست ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں ایک مسجد ہے جو دو منزلہ ہے ۔ اوپر کی منزل مردوں کیلیے ہے اور نچلی منزل عورتوں کے لیے ۔ عورتیں مردوں کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرتی ہیں جبکہ وہ نچلی منزل میں ہوتی ہیں اور مرد اوپر والی منزل میں ۔ عورتیں نہ امام کو دیکھ سکتی ہیں اور نہ مردوں کی صفوں کو بس درمیان میں مائیکروفون ہے جس سے وہ تکبیر سن کر نماز ادا کرتی ہیں ۔ اس صورت حال میں ان کی نماز کے متعلق کیا حکم ہے ؟

سائل ازامریکہ (عبدالرحمن ا۔ پاکستان)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ صورت میں عورتوں کی نماز درست ہے ۔ کیونکہ وہ سب مسجد میں ہیں اور لاؤڈ سپیکر کی آواز کے ذریعہ ان کے لیے اقتداء ممکن ہے ۔ علماء کے دو قوال میں سے تر قول یہی ہے ۔ اختلاف کی اہمیت صرف اس بات میں ہے جبکہ بعض مقتدی مسجد سے باہر ہوں اور وہ نہ امام کو دیکھ سکتے ہوں اور نہ مقتدیوں کو اور توفیق دینے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ